News of the Sports

April 10 , 2018

express
نیوز

# کامن ویلتھ گیمز میں پاکستانی ویٹ لفٹر نے ورلڈ ریکارڈ قائم کردیا

اسپورٹس ڈیسک | پير 9 اپريل 2018



**گولڈ کوسٹ: کامن ویلتھ گیمز میں پاکستانی ویٹ لفٹر نوح دستگیر بٹ نے 395 کلو وزن اٹھا کر جونیئر کیٹیگری میں ورلڈ ریکارڈ قائم کردیا۔**


پاکستانی ویٹ لفٹر نوح دستگیر بٹ نے 395 کلو وزن اٹھا کر جونیئر کیٹیگری میں ورلڈ ریکارڈ قائم کردیا، اس پرفارمنس کی بدولت انھوں نے 105 کے جی ویٹ لفٹنگ ایونٹ میں ملک کے لئے برانز میڈل بھی جیتا، جو حالیہ گولڈ کوسٹ کامن ویلتھ گیمز میں ملک کا دوسرا کانسی کا تمغہ ثابت ہوا۔

نوح نے اسنیچ میں 173 کے جی ویٹ اٹھانے کے بعد کلین اینڈ جرک میں پہلی کوشش میں 222 کے جی ویٹ کامیابی سے اٹھایا جب کہ گولڈ میڈل کے لئے انھوں نے دوسری کوشش میں 228 اور تیسری کاوش میں 231 کے جی ویٹ اٹھانا چاہا لیکن وہ کامیاب نہیں ہوپائے۔

روزنامہ ایکسپریس

# نوح نے توقعات کا "ویٹ" اٹھالیا

## برانز میڈل کا حصول




کامن ویلتھ گیمز: ویٹ لفٹنگ کی 105 پلس کیٹیگری میں پاکستانی نوح دستگیر بٹ وزن اٹھا رہے ہیں

### 105 پلس کیٹیگری میں مجموعی طور پر 395 کلوگرام وزن اٹھا کر ریکارڈ بنایا، باکسنگ 52 کے جی کیٹیگری میں محمد آصف کی سیمی فائنل میں رسائی

### 60 کے جی میں علی احمد کا سفر تمام، ویمنز 400 میٹر ریس میں نجمہ پروین اگلے راؤنڈ سے باہر، شوٹنگ میں عثمان چاند اور من ہل سہیل کی پیش قدمی بھی ختم

گولڈ کوسٹ (اسپورٹس ڈیسک) تمغوں کی قحط سالی میں نوح دستگیر بٹ نے توقعات کا "ویٹ" اٹھالیا، وہ کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان کیلیے دوسرا برانز میڈل حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئے، ویٹ لفٹنگ کی 105 پلس کیٹیگری میں نوح نے مجموعی طور پر 395 کلوگرام وزن اٹھا کر ریکارڈ بنایا، باکسنگ 52 کے جی کیٹیگری میں محمد آصف نے سیمی فائنل کیلیے کوالیفائی کرلیا، 60 کے جی کیٹیگری میں علی احمد کا سفر تمام ہوا، ویمنز 400 میٹر ریس میں ساتویں پوزیشن حاصل کرنے والی نجمہ پروین اگلے راؤنڈ سے باہر ہوگئیں، شوٹنگ اسکیٹ اولمپک میں عثمان چاند اور ایئر رائفل ویمنز میں من ہل سہیل کی پیش قدمی بھی جاری نہ رہ سکی۔ تفصیلات کے مطابق کامن ویلتھ گیمز میں نوح دستگیر بٹ نے پاکستان کیلیے دوسرا میڈل حاصل کرلیا، آسٹریلیا کے شہر گولڈ کوسٹ میں 105 پلس کلوگرام کیٹیگری کے ویٹ لفٹنگ ایونٹ میں گوجرانوالہ سے تعلق رکھنے والے 20 سالہ ایتھلیٹ نے اسنیچ کیٹیگری میں 173 کلوگرام وزن اٹھایا، انھوں نے کلین اینڈ جرک میں 222 کلوگرام کے ساتھ مجموعی طور پر 395 کلوگرام وزن اٹھا کر مقابلے میں تیسری پوزیشن اپنے نام کرتے ہوئے کانسی کا تمغہ جیتنے کا اعزاز حاصل کیا، یہ جونیئر کی جانب سے زیادہ وزن اٹھانے کا ریکارڈ بھی ہے، نوح دستگیر بٹ نے میڈل کے حصول کی دوڑ میں بھارتی مندیپ

سنگھ کو پچھاڑا جنھوں نے کل 382 کلو گرام وزن اٹھایا اور چوتھے نمبر پر رہے۔یاد رہے کہ اس سے قبل پاکستان کیلیے پہلا میڈل بھی ایک ویٹ لفٹر نے حاصل کیا تھا، طلحہ طالب نے 62 کے جی کیٹیگری میں کانسی کا تمغہ جیتا اور ساتھ اسینچ کیٹیگری میں ریکارڈ بھی بنایا تھا۔دوسری جانب باکسنگ 52 کے جی کیٹیگری میں پاکستانی محمد آصف نے کینیا کے آجینا برائن کو 1-4 کے فیصلے پر شکست دے کر سیمی فائنل میں جگہ بنالی، اس سے قبل 60 کے جی کیٹیگری میں انگلینڈ کے فرنچ سی نے پاکستانی علی احمد کو 0-5 کے فیصلے پر شکست دی، ایتھلیٹکس کے 400 میٹر ویمنز مقابلے میں پاکستانی نجمہ پروین نے فاصلہ 57.12 سیکنڈز میں طے کر کے ساتویں پوزیشن حاصل کی، وہ اگلے راؤنڈ کیلیے کوالیفائی نہ کر سکیں، شوٹنگ اسکیٹ اولمپک میں پاکستان کے عثمان چاند اور ایئر رائفل ویمنز میں من ہل سہیل اگلے راؤنڈ کیلیے کوالیفائی نہ کر سکے۔یاد رہے کہ کامن ویلتھ گیمز میں آسٹریلیا 39 گولڈ میڈلز کے ساتھ سر فہرست ہے، میزبان ملک نے 33 چاندی اور 34 کانسی کے تمغے حاصل کیے ہیں۔اس فہرست میں انگلینڈ 22 گولڈ، 25 سلور اور 16 برانز میڈلز کے ساتھ دوسرے جبکہ بھارت 10 گولڈ، 4 سلور اور 5 برانز کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔




Talha Talib and Muhammad Nooh Dastgir Butt at Gold Coast

روزنامہ دنیا

# کامن ویلتھ گیمز

# پاکستان کا ویٹ لفٹنگ میں کانسی کا دوسرا تمغہ

## نوح بٹ نے 395 کلو وزن اٹھایا



گولڈ کوسٹ : ویٹ لفٹنگ ایونٹ میں کانسی کے تمغے جیتنے والے نوح بٹ اور طلحہ طالب

### نیوزی لینڈ کے ڈیوڈ لیٹی نے کامن ویلتھ گیمز کا ریکارڈ بنا دیا، 403 کلو وزن اٹھا کر گولڈ میڈل جیتا، ہاکی ایونٹ میں پاکستان کل ملائیشیا کے ساتھ اپنا آخری میچ کھیلے گا

راولپنڈی، گولڈ کوسٹ ( سپورٹس رپورٹر، دنیا نیوز ) 21 ویں کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان کے ایک اور ویٹ لفٹر نوح بٹ نے کانسی کا تمغہ جیت لیا جس سے پاکستان کے تمغوں کی تعداد 2 ہوگئی ہے۔ گوجرانوالہ کے 19 سالہ ویٹ لفٹر نوح دستگیر بٹ نے 105 پلس ویٹ کیٹیگری میں مجموعی طور پر 395 کلوگرام وزن اٹھایا، نوح نے سنیچ پر 173 اور کلین اینڈ جرک پر 222 کلو وزن اٹھایا، اس کیٹیگری میں نیوزی لینڈ کے ڈیوڈ لیٹی نے کامن ویلتھ گیمز کا ریکارڈ بناتے ہوئے مجموعی طور پر 403 کلو وزن اٹھا کر گولڈ میڈل جیت لیا۔ سمویا کے ویٹ لفٹر لاؤٹیٹی نے 400 کلوگرام کے ساتھ چاندی کا تمغہ جیتا۔ نوح دستگیر بٹ سنیچ اور کلین اینڈ جرک میں اپنی پہلی پہلی کوشش میں کامیاب رہے جبکہ اس سے زیادہ وزن اٹھانے کی اگلی دو کوششوں میں کامیاب نہ ہو سکے۔ کلین اینڈ جرک میں نوح نے دوسری کوشش میں 228 اور تیسری میں 231 کلو وزن اٹھا کر گولڈ میڈل جیتنے کیلئے داؤ کھیلا لیکن ان کی قسمت نے ساتھ نہ دیا، اگر وہ اپنی آخری کوشش میں 231 کلو وزن اٹھا لیتے تو نا صرف وہ گولڈ میڈل جیت لیتے بلکہ یہ کامن ویلتھ گیمز کا نیا ریکارڈ بھی ہوتا۔ واضح رہے کہ پاکستان نے پانچ دن گزر جانے کے باوجود ابھی تک آسٹریلوی شہر گولڈ کوسٹ میں جاری ان کھیلوں میں دو کانسی کے تمغے ہی جیتے ہیں اور یہ دونوں میڈل ویٹ لفٹنگ میں ملے ہیں۔ نوح بٹ سے پہلے طلحہ طالب نے 62 کلوگرام کیٹیگری میں کانسی کا تمغہ جیتا تھا۔ وفاقی وزیر بین الصوبائی رابطہ میاں ریاض حسین پیرزادہ نے نوح بٹ اور طلحہ طالب کو مبارکباد پیش کی ہے۔ ہاکی ایونٹ میں پاکستان اپنا آخری گروپ میچ کل ملائیشیا کے خلاف کھیلے گا۔ پہلے تینوں میچ برابر کھیلنے کے بعد گرین شرٹس کے سیمی فائنل میں پہنچنے کے امکانات نہ ہونے کے برابر ہیں، ملائیشیا کے خلاف بڑے مارجن سے فتح کے بعد اگر مگر کا چکر ہوگا۔

## کانسی کا تمغہ جیتنے والے نوح بٹ کے والد اور بھائی بھی کامیاب ویٹ لفٹرز

کراچی (سپورٹس ڈیسک) کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان کیلئے کانسی کا میڈل جیتنے والے محمد نوح دستگیر بٹ کا پورا خاندان ویٹ لفٹنگ کے کھیل میں نمایاں مقام رکھتا ہے۔واضح رہے کہ ان کے والد نے بھی 1984ء میں تبریز میں ہونے والی ایشیائی ویٹ لفٹنگ چیمپئن شپ میں کانسی کا تمغہ جیتا تھا جبکہ انہوں نے ساؤتھ ایشین گیمز میں بھی 1981 سے 1991 کے درمیان چار طلائی تمغوں پر قبضہ کیا اور 1981 سے 1998 تک قومی چیمپئن بھی رہے ۔نوح دستگیر بٹ کے چھوٹے بھائی حنظلہ دستگیر بٹ نے بھی گزشتہ برس کھٹمنڈو میں منعقدہ ایشین یوتھ چیمپئن شپ میں چوتھی پوزیشن حاصل کی تھی۔نوح بٹ کے دو چچا بابر بٹ اور اعجاز بٹ بھی انٹرنیشنل سطح کے مقابلوں میں پاکستان کی نمائندگی کا اعزاز رکھتے ہیں۔

## نوح دستگیر بٹ انٹرنیشنل ایونٹس میں میڈلز جیتنے کے عادی

کراچی (سپورٹس ڈیسک) اکیسویں کامن ویلتھ گیمز میں کانسی کا تمغہ جیتنے والے اور 2013 میں نیشنل پاور لفٹنگ چیمپئن شپ کے ریکارڈ ہولڈر نوح دستگیر بٹ انٹرنیشنل ایونٹس میں میڈلز جیتنے کے عادی ہیں۔گیپکو واپڈا کے ایتھلیٹ نے گزشتہ برس کامن ویلتھ ویٹ لفٹنگ چیمپئن کی جونیئر کیٹیگری میں بھی عمدہ کارکردگی کی بدولت طلائی تمغہ جیتا تھا جبکہ وہ اسی درجہ بندی میں سینئر کیٹیگری کے دوران بھی 389 کے جی وزن اٹھا کر سلور میڈل جیتنے میں کامیاب ہوئے تھے۔انہوں نے دو ہزار سولہ میں ملائیشیا کے شہر پینانگ میں ہونے والی کامن ویلتھ چیمپئن شپ کے علاوہ دو ہزار پندرہ میں بھارت کے شہر پونے میں ہونے والی چیمپئن شپ میں بھی کانسی کے تمغے جیتے تھے۔

روزنامہ خبریں
Daily KHABRAIN

## 105 کے جی کیٹیگری میں قومی ویٹ لفٹر نے مجموعی طور پر 395 کلوگرام وزن اٹھا کر برانز میڈل اپنے نام کیا

# کامن ویلتھ گیمز: نوح دستگیر نے پاکستان کو دوسرا تمغہ دلا دیا

### نیوزی لینڈ کے ڈیوڈ کیٹی نے گولڈ اور ساموا کے لاؤ ٹی نے سلور میڈل جیتا، اس سے قبل طلحہ طالب نے بھی ویٹ لفٹنگ میں ملک کیلئے کانسی کا تمغہ جیتا تھا

### جنوبی افریقہ کے ایکانی کامن ویلتھ گیمز کے تیز ترین ایتھلیٹ بن گئے، ویمنز میں مچل لائی نے طلائی تمغہ اپنے نام کیا، میڈلز ٹیبل پر میزبان آسٹریلیا سرفہرست

گولڈ کوسٹ (نیوز ایجنسیاں) پاکستان کے نوح دستگیر بٹ نے کامن ویلتھ گیمز 2018 میں ویٹ لفٹنگ کے مقابلے میں کل 395 کلوگرام وزن اٹھا کر پاکستان کو دوسرا کانسی کا تمغہ جتا دیا۔ آسٹریلیا کے شہر کوئنز لینڈ میں جاری کامن ویلتھ گیمز میں 105 کلوگرام کے ویٹ لفٹنگ ایونٹ میں گوجرانوالہ سے تعلق رکھنے والے 20 سالہ ویٹ لفٹر نے اسنیچ کیٹیگری میں 173 کلوگرام وزن اٹھایا۔ انہوں نے 'کلین اینڈ جرک' کیٹیگری میں 222 کلوگرام وزن اٹھا کر مجموعی طور پر 395 کلوگرام وزن اٹھا کر مقابلے میں تیسری پوزیشن اپنے نام کرتے ہوئے کانسی کا تمغہ جیتنے کا اعزاز حاصل کیا۔ اس مقابلے میں نیوزی لینڈ کے ڈیوڈ لیٹی نے سونے کا تمغہ جیتا جبکہ ساموا کے لاؤ ٹی لوئی نے چاندی کا تمغہ اپنے نام کیا۔ پاکستان کے نوح دستگیر نے مقابلے میں بھارت کے مندیپ سنگھ کو شکست دی جنہوں نے کل 382 کلوگرام وزن اٹھایا اور چوتھے نمبر پر رہے۔ گزشتہ ہفتے پاکستان کے طلحہ طالب نے 62 کلوگرام کے ایونٹ میں کانسی کا تمغہ جیت کر کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان کو پہلا میڈل دلایا تھا اور ساتھ ساتھ اسنیچ کیٹیگری میں ریکارڈ بھی بنایا تھا۔ مینز 100 میٹر دوڑ میں جنوبی افریقہ کے ایکانی سمبائن نے سب کو پیچھے چھوڑتے ہوئے سونے تمغہ اپنے نام کیا۔ ویمنز کیٹیگری میں ٹرینیڈاڈ اینڈ ٹوباگو کی مچل لائی نے گولڈ میڈل جیتا۔ جمناسٹکس کے مینز والٹ ایونٹ میں میزبان آسٹریلیا کے کرسٹوفر ریمکس نے گولڈ میڈل جیتا۔ ویمنز بیلنس بیم فائنل میں انگلینڈ کی ایلائز کینز یلا نے میدان مار لیا۔ بیڈمنٹن کے مکسڈ ٹیم ایونٹ میں بھارت نے طلائی تمغہ اپنے نام کیا۔ میڈلز ٹیبل پر میزبان آسٹریلیا 39 گولڈ سمیت 106 تمغوں کیساتھ سرفہرست ہے۔



کامن ویلتھ گیمز میں 105 کلوگرام کے برانز میڈلسٹ قومی ویٹ لفٹر نوح دستگیر وکٹری سٹینڈ پر دیگر میڈلسٹ کے ہمراہ خصوصی پوز۔

ABC CERTIFIED
Daily JEHAN PAKISTAN
جہان پاکستان

# کامن ویلتھ، ویٹ لفٹنگ میں پاکستان کا دوسرا میڈل




کراچی (سپورٹس رپورٹر) 21 ویں کامن ویلتھ گیمز کے ویٹ لفٹنگ ایونٹ میں پاکستان کے ویٹ لفٹر نوح دستگیر بٹ نے 105 پلس کلوگرام کیٹیگری میں مجموعی طور پر 283 کے جی وزن اٹھا کر 21 ویں کامن ویلتھ گیمز مین پاکستانی کیلئے دوسرا برانز میڈل حاصل کر لیا اس سے قبل ویٹ لفٹنگ میں ہی طلحہ طالب نے 62 کے جی کیٹیگری میں مجموعی طور پر 283 کے جی وزن اٹھا کر پاکستانی کیلئے پہلا برانز میڈل جیتا تھا۔

روزنامہ پاکستان
چیف ایڈیٹر: مجیب الرحمان شامی

# کامن ویلتھ گیمز: پاکستانی نوح دستگیر نے کانسی کا تمغہ جیت لیا

گولڈ کوسٹ (افضل افتخار) پاکستان کے نوح دستگیر بٹ نے کامن ویلتھ گیمز میں ویٹ لفٹنگ کے مقابلے میں کل 395 کلو گرام وزن اٹھا کر پاکستان کو دوسرا کانسی کا تمغہ جتا دیا۔ گیمز میں 105 کلوگرام کے ویٹ لفٹنگ ایونٹ میں گوجرانوالہ سے تعلق رکھنے والے 20 سالہ ویٹ لفٹر نے اسنیچ کیٹگری میں 173 کلوگرام وزن اٹھایا۔ انہوں نے 'کلین اینڈ جرک' کیٹیگری میں 222 کلوگرام وزن اٹھا کر مجموعی طور پر 395 کلوگرام وزن اٹھا کر مقابلے میں تیسری پوزیشن اپنے نام کی۔ اس مقابلے میں نیوزی لینڈ کے ڈیوڈ لیٹی نے سونے کا تمغہ جیتا جبکہ ساموا کے لاؤٹی ٹی لوئی نے چاندی کا تمغہ اپنے نام کیا۔ پاکستان کے نوح دستگیر نے مقابلے میں بھارت کے مندیب سنگھ کو شکست دی جنھوں نے کل 382 کلوگرام وزن اٹھایا اور چوتھے نمبر پر رہے۔ گزشتہ ہفتے پاکستان کے طلحہ طالب نے 62 کلوگرام کے ایونٹ میں کانسی کا تمغہ جیت کر کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان کو پہلا میڈل دلایا تھا اور ساتھ ساتھ اسنیچ کیٹگری میں ریکارڈ بھی بنایا تھا۔

روزنامہ پاکستان
چیف ایڈیٹر: مجیب الرحمان شامی

# ریاض حسین پیرزادہ کی ویٹ لفٹر نوح دستگیر بٹ کو مبارکباد

## دستگیر بٹ آئندہ بھی انٹرنیشنل سطح پر ملک کا نام روشن کریں گے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (اے پی پی) وفاقی وزیر بین الصوبائی رابطہ میاں ریاض حسین پیرزادہ نے کامن ویلتھ گیمز میں قومی ویٹ لفٹر نوح دستگیر بٹ کو پلس 105 کلوگرام کیٹیگری میں کانسی کا تمغہ جیتنے پر مبارکباد دی ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ نوح دستگیر بٹ آئندہ بھی انٹرنیشنل سطح پر ملک کا نام روشن کریں گے۔ اس سے قبل طلحہ طالب نے بھی 62 کلوگرام کیٹیگری میں کانسی کا تمغہ حاصل کیا۔

جڑواں شہروں سے شائع ہونے والا پہلا مکمل مقامی اخبار

روزنامہ

# میٹرو واچ

# کامن ویلتھ گیمز: نوح دستگیر بٹ نے پاکستان کو دوسرا برونز میڈل دلادیا

آسٹریلیا کی برتری برقرار

**ویٹ لفٹر نوح دستگیر بٹ نے +105 کلوگرام کیٹگری میں مجموعی طور پر 283 کے جی وزن اٹھا کر 21 ویں کامن ویلتھ گیمز مین پاکستانی کیلئے دوسرا برونز میڈل حاصل کیا**

**انگلینڈ کے فرنچ سی نے پاکستان کے علی احمد کو 0-5 کے فیصلے پر شکست دی ایتھلیٹکس کے 400 میٹرویمنز مقابلے میں نجمہ پروین نے فاصلہ 57.12 سیکنڈ میں طے کرکے ساتویں پوزیشن حاصل کی**

گولڈ کوسٹ (سپورٹس رپورٹر) 21 ویں کامن ویلتھ گیمز کے ویٹ لفٹنگ ایونٹ میں پاکستان کے ویٹ لفٹر نوح دستگیر بٹ نے +105 کلوگرام کیٹگری میں مجموعی طور پر 283 کے جی وزن اٹھا کر 21 ویں کامن ویلتھ گیمز مین پاکستانی کیلئے دوسرا برونز میڈیل حاصل کرلیا اس سے قبل ویٹ لفٹنگ میں ہی طلحہ طالب نے 62 کے جی کیٹگری میں مجموعی طور پر 283 کے جی وزن اٹھا کر پاکستانی کیلئے پہلا برونز میڈل جیتا تھا کیریرا اسپورٹس سینٹرا (Carrara Sports Centre) میں ہونے والے ایونٹ میں نیوزی لینڈ کے ڈیوڈ لیٹی (David Liti) نے گولڈ جبکہ سوما (Samoa) کے لاؤٹیٹی لوئی (Lauititi Lui) نے سلور میڈل حاصل کیا باکسنگ ایونٹ میں 52 کے جی کیٹگری کے مقابلے میں پاکستان کے محمد آصف نے کینیا کے آجینا برائن (Agina Brain) کو 4-1 کے فیصلے پر شکست سے دوچار کرکے سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا اس سے قبل 60 کے جی کیٹگری مقابلے میں انگلینڈ کے فرنچ سی (French C) نے پاکستان کے علی احمد کو 0-5 کے فیصلے پر شکست دی ایتھلیٹکس کے 400 میٹرویمنز مقابلے میں شریک پاکستان کی نجمہ پروین نے فاصلہ 57.12 سیکنڈ میں طے کرکے ساتویں پوزیشن حاصل کی اور اس بناء پر اگلے راؤنڈ کیلئے کوالیفائی نہ کرسکیں شوٹنگ اسکیٹ اولمپک میں پاکستان کے عثمان چاند اور ایئر رائفل ویمنز میں منہل سہیل اگلے راؤنڈ کیلئے کوالیفائی نہ کرسکے۔ کامن ویلتھ گیمز میں آسٹریلیا 33 گولڈ میڈلز کے ساتھ سرفہرست ہے۔ تفصیلات کے مطابق آسٹریلیا میں جاری کامن ویلتھ گیمز میں کینگروز کی حکمرانی بدستور قائم ہے۔ میگا ایونٹ میں آسٹریلیا نے اب تک 33 گولڈ، 28 سلور اور اتنے ہی برانز میڈلز حاصل کئے ہیں۔ انگلینڈ 20 گولڈ، 21 سلور اور 14 برانز میڈلز کے ساتھ دوسرے جبکہ بھارت 8 گولڈ، 4 سلور اور 5 برانز کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔ پاکستان محض ایک برانز میڈل کے ساتھ 25 ویں نمبر پر ہے۔





کامن ویلتھ گیمز کے ویٹ لفٹنگ ایونٹ میں برانز میڈل جیتنے پر پاکستانی پرچم لہرا رہا ہے، دوسری جانب نوح دستگیر وکٹری سٹینڈ پر۔۔۔۔۔۔"

نوائے وقت

روزنامہ نوائے وقت لاہور (11)10 اپریل 2018ء




# کامن ویلتھ گیمز: قومی ویٹ لفٹر نوح دستگیر نے کانسی کا تمغہ جیت لیا

باکسر محمد آصف کی کوارٹر فائنل تک رسائی

**محمد نوح نے 395 کلوگرام وزن اٹھا کر پاکستان کیلئے اعزاز حاصل کیا، 400 میٹر ریس میں نجمہ پروین کی ساتویں پوزیشن، شوٹنگ مقابلوں میں عثمان چاند، منہل سہیل آگے نہ بڑھ سکے**



گولڈ کوسٹ (چودھری اشرف) 21 ویں کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان کے نوح دستگیر بٹ نے بھی برانز میڈل جیت کر پاکستان کے میڈلز کی تعداد دو کر دی۔ محمد نوح نے +105 کلوگرام کلاس میں 395 کلوگرام وزن اٹھا کر پاکستان کے لئے اعزاز حاصل کیا۔ دوسری جانب باکسنگ ایونٹ میں پاکستان کے سید محمد آصف نے 52 کلوگرام کلاس میں کینیا کے باکسر برین اجینا کو چار ایک سے شکست دیکر کوارٹر فائنل میں جگہ بنائی ہے جہاں ان کا مقابلہ سکاٹ لینڈ کے باکسر سے بدھ کے روز ہوگا جبکہ باکسنگ کی 60 کلوگرام کلاس میں پاکستان کے نوجوان باکسر احمد علی انگلینڈ کے کولم فرنچ کے ہاتھوں پانچ صفر سے ہار گئے۔ ایتھلیٹکس میں پاکستان کی نجمہ پروین نے 400 میٹر ریس میں پاکستان کی نمائندگی کی جس میں انہیں ساتویں پوزیشن پر اکتفا کرنا پڑا۔ شوٹنگ کے سکیٹ مقابلوں میں پاکستان کے عثمان چاند بھی کوالیفکیشن کے دوسرے راؤنڈ سے آگے نہ بڑھ سکے۔ شوٹنگ کے خواتین ایونٹ کے 10 میٹر ائر رائفل مقابلے میں منہل سہیل کوالیفائنگ راؤنڈ سے آگے نہ بڑھ سکیں۔ اس راؤنڈ میں 18 خواتین کھلاڑیوں نے حصہ لیا جس میں سے ٹاپ چھ نے اگلے راؤنڈ کیلئے کوالیفائی کیا تاہم پاکستان کی منہل سہیل 406.2 سکور کے ساتھ بارہویں نمبر پر رہیں۔ کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان کے لیے برانز میڈل جیتنے والے ویٹ لفٹر محمد نوح دستگیر بٹ کا بھی ڈوپ ٹیسٹ لیا گیا۔ پاکستانی ویٹ لفٹر نوح دستگیر نے طلحہ طالب کے بعد پاکستان کے لیے دوسرا برانز میڈل جیتا ہے۔ گذشتہ روز ہیوی کیٹگری میں پاکستانی کی نمائندگی کرنے والے ویٹ لفٹر کا مقابلے کے بعد یورن سیمپل لیا گیا۔ پاکستان ویٹ لفٹنگ ٹیم کے کوچ محمد الیاس بٹ کے مطابق مقابلوں میں وکٹری سٹینڈ تک رسائی حاصل کرنے والے تمام کھلاڑیوں کے ڈوپ ٹیسٹ لیے جاتے ہیں۔ ویٹ لفٹنگ میں طلائی اور سلور میڈل حاصل کرنے والوں کا بھی ٹیسٹ لیا گیا ہے۔

روزنامہ دنیا

## ویمنز 400 میٹر دور کا مقابلہ

## نجمہ پروین کی 7ویں پوزیشن

گولڈکوسٹ (سپورٹس ڈیسک) کامن ویلتھ گیمز میں اتھلیٹکس کے ویمنز چارسومیٹر دوڑ کے مقابلوں میں پاکستانی ایتھلیٹ نجمہ پروین نے مقررہ فاصلہ 57.12 سیکنڈز میں طے کر کے ساتویں پوزیشن حاصل کی، جوان کی سیزن بیسٹ کارکردگی بھی ہے۔ کوالیفائنگ مرحلے سے چار کھلاڑیوں کو سیمی فائنل میں جگہ ملی جن میں کینیا کی میکسی میلا امالی، جمیکا کی ٹوویا جیننگز، قبرص کی ایلینی آرٹی ماٹا اور کانیکا بیک لیس شامل ہیں۔

## نشانے باز عثمان چاند کامن ویلتھ گیمز میں بہتر نتائج نہیں دے سکے

گولڈکوسٹ (سپورٹس ڈیسک) کامن ویلتھ گیمز میں شوٹنگ کے مینز سکیٹ کوالیفکیشن میں پاکستانی نشانے باز عثمان چاند بہترین نتائج نہیں دے سکے اور انہوں نے 117 پوائنٹس کے باعث 11ویں پوزیشن پر اپنی مہم جوئی کا اختتام کیا۔ ویمنز دس میٹرز ایئر رائفل کوالیفکیشن میں پاکستان کی منہل سہیل نے 406 اعشاریہ دو پوائنٹس لے کر بارہویں پوزیشن پائی۔ مینز دس میٹرز ایئر پسٹل فائنل میں بھارت کے جیتو رائے کامیاب ہوگئے۔ ویمنز ایونٹ میں سنگاپور کی مارٹینا لینزے ویلوسو نے میدان مار لیا۔




گولڈکوسٹ: پاکستانی ایتھلیٹ نجمہ پروین **400** میٹر ریس کے مقابلے میں دوڑتے ہوئے

روزنامہ پاکستان
چیف ایڈیٹر: مجیب الرحمان شامی

# آسٹریلیا میں مقیم پاکستانی شائقین کی گیمز میں بھرپور شرکت

## غیر ملک میں پاکستانی کھلاڑیوں کو شائقین کی جانب سے بھرپور پذیرائی حاصل

گولڈ کوسٹ (سپورٹس رپورٹر) 21 کامن ویلتھ گیمز میں جہاں دنیا بھر کے شائقین اپنی بھرپور دلچسپی کا اظہار کر رہے ہیں وہی آسٹریلیا میں مقیم پاکستانی بھی ان گیمز میں پاکستانی کھلاڑیوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کے لئے سٹیڈیم میں نظر آتے ہیں اور اس موقع پر قومی پرچم تھامے پاکستان زندہ باد کے نعرے لگاتے نظر آتے ہیں اور ان کا جوش جذبہ قابل دید ہے غیر ملک میں پاکستانی کھلاڑیوں کو شائقین کی جانب سے جوپذیرائی مل رہی ہے وہ بہت کم کھلاڑیوں کے نصیب میں آئی ہے۔ دوردراز شہروں سے شائقین اپنے ملک کی محبت میں یہاں پر آتے ہیں اور ان کے دل وزبان پر صرف پاکستان کی جیت کی دعا ہے یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ ان کو اپنے ملک پاکستان سے کتنی محبت ہے اور خواہش ہے پاکستانی کھلاڑی گیمز میں عمدہ پرفارمنس کا مظاہرہ کرکے ان کے چہروں پر خوشیاں بکھیر سکیں یقینی طور پر ان کی بھرپور داد و حوصلہ افزائی سے پاکستانی کھلاڑیوں کو بھی بہت ہمت مل رہی ہے اور ان کی پرفارمنس پر بھی اس کے مثبت اثرات مرتب ہورہے ہیں۔

Daily JEHAN PAKISTAN

جہان پاکستان

# کامن ویلتھ، قومی ہاکی ٹیم کی اگلی منزل کا تعین آج ہوگا

## انگلینڈ اور بھارت کے میچ جیتنے کی صورت میں دونوں ٹیموں کے پوائنٹس 7-7 ہوجائیں گے اور پاکستان کا یہ سفر آج ہی ختم ہوسکتا ہے

کراچی (عمر شاہین) کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان ہاکی ٹیم کا سیمی فائنل کی جانب سفر آج ختم ہوسکتا ہے یا پھر دوسری صورت کوئی معجزہ ہی پاکستان کو ہاکی ایونٹ کے فائنل فور میں جگہ دلاسکتا ہے۔ پاکستان ہاکی ٹیم کا اب قسمت کے ساتھ بھی میچ پڑ گیا ہے۔ پاکستان کی ٹیم نے تین میچز کھیل کر تین ہی پوائنٹس حاصل کئے ہیں جبکہ پاکستان اپنا آخری میچ بدھ کو ملائشیا کے خلاف کھیلے گا۔ پاکستان نے ویلز، بھارت اور انگلینڈ کے خلاف میچز برابر کھیلے ہیں اس نے پانچ گول کئے جبکہ پانچ گول ہی اس کے خلاف ہوئے۔ انگلینڈ اور بھارت کی ٹیمیں دو دو میچز کھیل چکی ہیں جبکہ ان کے دو دو میچز باقی ہیں اور ان دونوں ٹیموں کے چار چار پوائنٹس ہیں۔ آج انگلینڈ کا مقابلہ ویلز سے اور بھارت کا مقابلہ ملائشیا سے ہے، اگر بھارت اور انگلینڈ کی ٹیمیں آج اپنا میچ جیت لیتی ہیں تو ان کے سات سات پوائنٹس ہو جائیں گے، اس طرح وہ دونوں سیمی فائنل میں جگہ بنالیں گے اور پاکستان خود بخود سیمی فائنل کی دوڑ سے باہر ہوجائے گا۔ تاہم اگر آج بھارت یا انگلینڈ برابر کھیلتے ہیں یا شکست کھاتے ہیں تب بھی پاکستان کو ملائشیا کو بڑے مارجن سے ہرا کر بھارت اور انگلینڈ کے میچ کا انتظار بھی کرنا ہوگا، اگر انگلینڈ اور بھارت آج شکست کھا جاتی ہیں تب پاکستان بدھ کو کسی ایک کی شکست اور ملائشیا کے خلاف فتح سے ٹاپ فور میں آجائے گا۔ پاکستان کی ہاکی ٹیم کو قسمت کی یاوری اور شائقین کی دعاؤں کی نہ صرف آج بلکہ بدھ کو بھی اشد ضرورت ہے۔

روزنامہ ایکسپریس

جناح

# کامن ویلتھ گیمز ویٹ لفٹنگ میں پاکستان نے کانسی کا ایک اور تمغہ جیت لیا

## پاکستانی اتھلیٹس محمد نوح بٹ نے 105 کلو کیٹگری میں میدان مار لیا، کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان کا دوسرا تمغہ ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان کو ایک اور کانسی کا تمغہ مل گیا، ویٹ لفٹنگ میں ہی محمد نوح بٹ نے ایک سو پانچ کلو کیٹگری میں میدان مار لیا۔ برمنگھم میں جاری بائیسویں کامن ویلتھ گیمز کے میگا ایونٹ میں ویٹ لفٹنگ کے مقابلوں میں پاکستانی اتھلیٹس کی شاندار کارکردگی جاری ہے۔ ویٹ لفٹنگ میں ایک سو پانچ کلوگرام ویٹ کیٹگری میں محمد نوح بٹ نے کانسی کا تمغہ جیت لیا۔ گیمز میں پاکستان کا یہ مجموعی طور پر دوسرا میڈل ہے جو اتفاق سے ویٹ لفٹنگ میں ہی ملا۔۔۔ ویٹ لفٹنگ میں ایک سو پانچ کلوگرام ویٹ کیٹگری میں محمد نوح بٹ نے کانسی کا تمغہ جیت لیا اس کیٹگری میں نیوزی لینڈ کے ایوا لیتی نے سونے کا تمغہ اپنے سینے پر سجایا جبکہ بھارتی ویٹ لفٹر گروپ سنگھ کو چوتھی پوزیشن ملی۔ پوائنٹ ٹیبل پر اب پاکستان کا چھبیسواں نمبر ہے۔



گولڈ کوسٹ، پاکستانی ویٹ لفٹر محمد نوح بٹ جنہوں نے 105 کلو کیٹگری میں کانسی کا تمغہ جیتا

روزنامہ
لاہور
وقت

# کامن ویلتھ گیمز' پاکستان کا دوسرا کانسی کا تمغہ

گولڈ کوسٹ (نیٹ نیوز) پاکستان کے نوح دستگیر بٹ نے کامن ویلتھ گیمز 2018 میں ویٹ لفٹنگ کے مقابلے میں کُل 395 کلوگرام وزن اٹھا کر پاکستان کو دوسرا کانسی کا تمغہ جتا دیا۔ آسٹریلیا کے شہر گولڈ کوسٹ لینڈ میں جاری کامن ویلتھ گیمز میں 105 کلوگرام کے ویٹ لفٹنگ ایونٹ میں گوجرانوالہ سے تعلق رکھنے والے 20 سالہ ویٹ لفٹر نے اسنیچ کیٹگری میں 173 کلوگرام وزن اٹھایا۔ انہوں نے 'کلین اینڈ جرک' کیٹگری میں 222 کلوگرام وزن اٹھا کر مجموعی طور پر 395 کلوگرام وزن اٹھا کر مقابلے میں تیسری پوزیشن اپنے نام کرتے ہوئے کانسی کا تمغہ جیتنے کا اعزاز حاصل کیا۔ اس مقابلے میں نیوزی لینڈ کے ڈیوڈ لیٹی نے سونے کا تمغہ جیتا جبکہ ساموا کے لاؤنی ٹی لوئی نے چاندی کا تمغہ اپنے نام کیا۔ پاکستان کے نوح دستگیر نے مقابلے میں بھارت کے مندیپ سنگھ کو شکست دی جنہوں نے کُل 382 کلوگرام وزن اٹھایا اور چوتھے نمبر پر رہے۔ گزشتہ ہفتے پاکستان کے طلحہ طالب نے 62 کلوگرام کے ایونٹ میں کانسی کا تمغہ جیت کر کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان کو پہلا میڈل دلایا تھا اور ساتھ ساتھ اسنیچ کیٹگری میں ریکارڈ بھی بنایا تھا۔ کامن ویلتھ گیمز میں آسٹریلیا 33 گولڈ میڈلز کے ساتھ سرفہرست ہے جہاں اس نے 28 چاندی اور اتنے ہی کانسی کے تمغے حاصل کیے ہیں۔ اس فہرست میں انگلینڈ 20 گولڈ، 21 سلور اور 14 برانز میڈلز کے ساتھ دوسرے جبکہ بھارت 8 گولڈ، 4 سلور اور 5 برانز کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔ پاکستان نے ان کھیلوں کے دس ایونٹس میں حصہ لے رہا ہے۔ اس کے مقابلے میں بنگلہ دیش صرف پانچ کھیلوں ایتھلیٹکس، شوٹنگ، سوئمنگ، ویٹ لفٹنگ اور ریسلنگ میں شرکت کر رہا ہے۔ اس کے کھلاڑیوں کی مجموعی تعداد صرف 23 ہے جس میں 13 خواتین، اور دس مرد کھلاڑی شامل ہیں۔ بنگلہ دیش کی حکومت نے ماضی میں اپنے کھلاڑیوں کی انٹرنیشنل اور ایشیائی مقابلوں میں ناقص کارکردگی پر ملک میں ہونے والی تنقید کے بعد اس بار صرف پانچ مقابلوں کے علاوہ دستے کی تعداد بھی کم کر دی ہے، بنگلہ دیش نے ان مقابلوں میں ایک سلور میڈل جیت رکھا ہے۔ کامن ویلتھ گیمز ہاکیمیں پیر کو مردوں کے مقابلے نہیں ہوئے، ایک دن کے آرام کے بعد منگل کو پول اے میں نیوزی لینڈ کا مقابلہ اسکاٹ لینڈ، آسٹریلیا کا کینیڈا سے ہوگا، گروپ بی میں انگلینڈ کا مقابلہ ویلز اور بھارت کا مقابلہ ملائیشیا سے ہوگا۔ گروپ بی میں پاکستانی ٹیم بدھ کو ملائیشیا سے مقابلہ کرے گا۔ گروپ بی میں انگلینڈ کے دو میچوں کے بعد چار پوائنٹس ہیں، اس نے ایک میچ جیتا، ایک برابر کھیلا، نو گول اسکور کئے اور صرف دو گول اس کے خلاف ہوئے ہیں۔ بھارت نے دو میچ کھیل کر ایک میں کامیابی حاصل کی، ایک میچ برابر رہا، چھ گول کیے پانچ گول اس کے خلاف ہوئے ہیں۔ اس کے بھی چار پوائنٹس ہیں۔ ملائیشیا نے دو میچ کھیلے، ایک جیتا، ایک ہارا ہے، تین گول کئے اور سات گول خلاف ہوئے اس کے تین پوائنٹس ہیں، پاکستان نے تین میچ کھیلے تینوں کو ڈرا کرنے کی ہیٹ ٹرک کی، پانچ گول کئے، پانچ خلاف ہوئے، اس کے تین پوائنٹس ہیں۔ ویلز نے تین میچ کھیلے دو میں ناکامی ہوئی، ایک میچ پاکستان کے خلاف برابر کھیلا، چار گول اسکور کئے، آٹھ اس کے خلاف ہوئے ہیں۔ اس کا صرف ایک پوائنٹ ہے۔

روزنامہ خبریں
Daily KHABRAIN

## کامن ویلتھ گیمز ہاکی، پاکستان کل اہم میچ میں ملائیشیا سے پنجہ آزما



گولڈ کوسٹ (اے پی پی) کامن ویلتھ گیمز کے مینز ہاکی ایونٹ میں پاکستان اپنا آخری گروپ میچ (کل) بدھ کو ملائیشیا کے خلاف کھیلے گا۔ تفصیلات کے مطابق کامن ویلتھ گیمز کے دلچسپ مقابلے آسٹریلیا کے شہر گولڈ کوسٹ میں جاری ہیں۔ مینز ہاکی مقابلوں میں پاکستانی ٹیم اپنا آخری گروپ میچ ملائیشیا کے خلاف کھیلے گی۔ پہلے تینوں میچ برابر کھیلنے کے بعد گرین شرٹس کے سیمی فائنل میں پہنچنے کے امکانات نہ ہونے کے برابر ہیں۔ ملائیشیا کے خلاف بڑے مارجن سے فتح کے بعد معجزے کی بھی ضرورت ہوگی۔

The Nation

# Weightlifter Nooh wins second C'Wealth bronze for Pakistan

APP
GOLD COAST




Gold Coast 2018
XXI Commonwealth Games

GOLD COAST - 20-year-old Pakistan's weightlifter M Nooh Dastagir Butt bagged bronze medal in the +105kg weight category in the ongoing XXI Gold Coast Commonwealth Games 2018 here on Monday.

It was the second bronze medal came in the weightlifting for Pakistan when in +105kg weight category, Nooh picked 173kg weight in snatch and despite he failed in two attempts when he went for 177kg twice he made a clean and jerk by recording an aggregated total of 395kg weight.

David Lityi of New Zealand claimed gold medal with 403kg weight by recording 166kg, 174kg in snatch and 220kg and 229kg in clean and jerk. Louiti Lui of Samoa with 175kg in snatch and 215kg, 215kg and 225kg in clean and jerk by giving a total of 400kg for the silver medal.

His father, who won a bronze medal at the 1984 Asian Weightlifting Championships in Tabriz, is a four-time gold medalist at the South Asian Games (1981, 1987, 1989, 1991) and was national champion from 1981-1998. His younger brother Hanzala Dastgir Butt (PAK) finished fourth at the 2017 Asian Youth Championships in Kathmandu. His uncles Barber Butt and Ejaz Butt also represented Pakistan internationally.

Talking to APP, Nooh said that he wants to represent Pakistan in the forthcoming Tokyo Olympic Games 2020. "I wish to win back more medals and hopefully, I'm fully eager to do so. I also thanked my family, my coach and above all prayers of the whole Pakistani nation," he added.

The Nation

Gold Coast 2018
XXI Commonwealth Games

In the boxing event 52kg weight category, Syed M Asif of Pakistan moved to the round 16 before defeating Brain Agina of Kenya by 4-1 on points. It was very tough battle between Syed M Asif of Pakistan and Brain Agina of Kenya. Asif has good chance to win back another medal for Pakistan, if he made it to the round of quarterfinals in the same men's 52kg weight of boxing event. Surprisingly, the most talented Ali Ahmad of Pakistan lost to Colum French of England in men's 60kg weight category of round of 16 by 5-0 on points. England Colum French did not give much time to Ali Ahmad to settle down and thus marched into victory in the pre-quarters to move to the round of 16.

In the swimming event, Bisma Khan qualified the heat of 50m back strong by taking third position overall with her clock time 50m back stroke 31.43sec behind the leader Gemma Atherley with 30.91sec and Aaliyah Palestrini. Syed M Haseeb Tariq of Pakistan got 7th position with his poor time of 24.82 in the 50m free style.

New Zealand's comeback queen Joelle King wins squash gold. New Zealand's Joelle King has capped off a remarkable comeback from a ruptured Achilles in August 2014 to become New Zealand's first Commonwealth Games individual squash gold medalist. King defeated English No 4 seed Sarah-Jane Perry 3-2 at Oxenford Studios.

The New Zealander returned to the top five in the world for the first time in four years this April having dropped as low as No 57 during her injury layoff. She was ranked number four heading into the Games. King claimed the first two games 16-14, 11-8 in a messy opening as both players battled early nerves and referee disputes. Perry was able to stay in the contest, winning the third game 11-6, despite having to take an injury timeout after crashing head first into the side wall at 8-5. It seemed to have little effect as she closed out the third and dug deep to win the fourth 13-11. But King was able to regain her composure in the decider, jumping out to a 5-0 lead. That proved decisive as she fought off one last Perry surge to win the game 11-8 and seal victory in 78 minutes.

It was King's sixth-straight win over the Englishwoman. King now turns her attention to women's and mixed doubles where she can emulate Australia's Natalie Grinham, who swept all three gold medals at the Melbourne 2006 Commonwealth Games.

It wasn't quite the perfect night for New Zealand, with Coll defeated by England's James Willstrop 3-0 in the gold medal match. Malaysia's Nafizwan Adnan won bronze, defeating Joel Makin 3-2. In other squash news, Tesni Evans secured Wales' first women's Commonwealth Games squash medal, defeating two-time singles gold medalist Nicol David 3-1 in the bronze-medal match.

THE EXPRESS TRIBUNE

NATASHA RAHEEL KARACHI

# Weightlifter Nooh breaks Commonwealth Games record




# 20-year-old lifts highest-ever weight by junior in his category as he registered 395kg

Pakistan's weightlifter Nooh Dastagir Butt managed to smash a record at the Commonwealth Games 2018 by registering the highest-ever weight by a junior in the +105kg event while also earning the country its second medal at the event on Monday.

Nooh won a bronze after he bettered his previous record of 389kg at the Commonwealth Weightlifting Championship that also took place in Gold Coast, Australia last year.

At the Games, he lifted a total of 395kg to make a junior record, edging past India's Gurdeep Singh, but falling behind New Zealand's David Liti, who lifted 403kg, and Lauititi Lui (400kg) for the top two spots.

The Gujranwala-based athlete didn't avail his other chances however and caved in to pressure. He got 173kg in snatch but failed there in the next two attempts, and lifted 222kg in clean & jerk again, missing the next two attempts.

"If Nooh had managed to get five of his six attempts successful, he could've got us the gold," Pakistan Weightlifting Federation Vice-President Rashed Malik, who has had a major hand in developing the new crop of athletes, told *The Express Tribune*. "The pressure of the competition got to him but despite the missing he lifted enough weights to get the medal. This shows his calibre; we just need to work harder. Nooh is 20 and this is also his last year as a junior, we are glad he made the record."

Nooh missed out on silver by a difference of just five kilograms as the country's fastest improving weightlifter aims to qualify for the 2020 Tokyo Olympics.

The 20-year-old has been training vigorously to achieve that feat, and is among the seven weightlifters to represent the country at the Games.

**Weightlifters to the rescue**

This is just the second medal for Pakistan in the Games, with Nooh's fellow weightlifter Talha Talib also breaking a record in the 62kg event while clinching bronze.

"We were competing in five categories and claimed medals in two of them," said Malik.

The youngsters have been working hard to achieve their goals since 2014 and out of a Pakistani contingent of 56 athletes, these two are the only ones to have delivered any medals so far.

Pakistan currently on 26th position in the rankings table.

Daily Times
Your right to know A new voice for a new Pakistan

Gold Coast Commonwealth Games 2018

# Nooh Dastagir wins Pakistan's second bronze medal




**Pakistan weightlifter Nooh Dastagir Butt poses for a photograph on Monday.**


**LAHORE:** Weightlifting star Nooh Dastagir Butt on Monday won Pakistan's second bronze medal of the ongoing Commonwealth Games 2018 by lifting a total of 395kg in the +105kg event in Queensland, Australia. The 20-year-old from Gujranwala lifted 173kg in snatch and 222kg in clean and jerk to finish third in the competition; New Zealand's David Liti and Samoa's Lauititi Lui claimed gold and silver respectively. Butt finished ahead of India's Gurdeep Singh, who managed to lift a total of 382kg and finished fourth. Last week, Butt's teammate Talha Talib became the first Pakistani to bag a medal at the ongoing Games when he won bronze in the 62kg category, also setting a new record in the category's snatch event. Butt, one of Pakistan's rising weightlifters, regularly bags medals at continental and regional. In September last year, he had created a new record at the Commonwealth Weightlifting Championships by lifting 389kg to win the juniors +105kg event. He missed out on silver by a difference of just five kilograms as the country's fastest improving weightlifter aims to qualify for the 2020 Tokyo Olympics.

It is pertinent to mention that Butt didn't avail his chances and caved in to pressure. He got 173kg in snatch but failed there in the next two attempts, and lifted 222kg in clean & jerk again, missing the next two attempts. "If Butt had managed to get five of his six attempts successful, he could've got us the gold," Pakistan Weightlifting Federation vice-president Rashed Malik, who has had a major hand in developing the new crop of athletes, said. "The pressure of the competition got to him but despite the missing he lifted enough weights to get the medal. This shows his calibre; we just need to work harder. Butt is 20 and this is also his last year as a junior, we are glad he made the record." Pakistan are currently on 26th position in the rankings table.

FOUNDED BY QUAID-I-AZAM MOHAMMAD ALI JINNAH

DAWN

# Nooh grabs bronze for Pakistan on Gold Coast




GOLD COAST: Pakistan's Mohammad Nooh Dastagir Butt lifts on the way to winning bronze medal in the men's +105kg weightlifting final at the Commonwealth Games on Monday.—AFP

GOLD COAST: Pakistan's young weightlifter Mohammad Nooh Dastagir Butt grabbed bronze medal in +105kg category here at the Commonwealth Games on Monday.

Pakistan received its second bronze medal in weightlifting as the 20-year-old Nooh picked 173kg weight in snatch and after failing in two attempts when he went for 177kg twice, he made a clean and jerk attempt, successfully picking 222kg. His aggregate was 395kg.

Nooh was behind gold medallist David Lityi (402kg) of New Zealand and Samoa's Louiti Lui (400kg).

Talking to APP, Nooh said he wants to represent Pakistan at the 2020 Tokyo Olympics.

"I wish to win back more medals. I also thank my family, coach and above whole Pakistani nation for their prayers," said a jubilant Nooh.

In boxing, Pakistan's Syed Mohammad Asif moved to the round-of-16 in 52kg category defeating Brain Agina of Kenya 4-1.

In 60kg, Calum French of England blanked Pakistan's Ali Ahmed 5-0 to reach the last-16 stage.

In swimming, Bisma Khan of Pakistan qualified for the heat of 50m backstroke by taking third position overall clocking 31.43sec.

She was behind leader Gemma Atherley (30.91sec) and Aaliyah Palestrini.

Pakistan's Syed Mohammad Haseeb Tariq came seventh clocking a poor 24.82sec in 50m freestyle.—APP